نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر پروگرام اور سپر سیڈرز کی فراہمی سے متعلق پیشرفت کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیا گیا

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی شرکت

وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق زرعی شعبہ کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کے لئے فقید المثال منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے۔وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور،24اکتوبر2024:صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس منعقد ہوا۔جس میں وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر اسکیم کی قرعہ اندازی اور سپر سیڈرز کی فراہمی پر اب تک کی پیش رفت اور لانچنگ تقریب کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور بنک آف پنجاب کے صدر ظفر مسعود نے بھی شرکت کی۔

صوبائی وزیر زراعت نے اس موقع پر کہا کہ کسان کارڈ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کا تاریخ ساز اور کسان دوست منصوبہ ہے۔کسان کارڈ کے لیے اب تک 14 لاکھ کاشتکاروں کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے جبکہ پنجاب بنک نے 4 لاکھ 30 ہزار درخواستیں منظور کر لی ہیں اور اب تک 3 لاکھ 10 ہزار کسان کارڈ کاشتکاروں نے ایکٹیو کر لیے ہیں۔اس موقع پر صوبائی وزیر کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ پنجاب بھر میں 2600 مرچنٹس (رجسٹرڈ ڈیلرز) کی دوکانوں پر کسان کارڈ کے ذریعے خریداری کا عمل جاری ہے اور کسان کارڈ کی ایکٹویشن کے بعد سے لے کر اب تک کاشتکار 2 ارب روپے کی خریداری کر چکے ہیں۔صوبائی وزیر زراعت نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے صوبہ میں زراعت کے شعبہ میں ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کے فقید المثال منصوبے شروع کئے ہیں جن سے کسانوں کے مسائل کم ہونگے اور وہ خود کفیل ہو سکیں گے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کی فراہمی کے لیے تحصیل کی سطح پر 136 ڈلیوری سنٹرز قائم کر دیے گئے۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ کسان کارڈ سے کاشتکار صوبہ بھر میں 2600 رجسٹرڈ ڈیلرز سے بیج، کھاد و دیگر زرعی مداخل کی خریداری کر رہے ہیں۔انھوں نے کسان کارڈ سے خریداری کے عمل کی باقاعدہ مانیٹرنگ کرنے اور بیج، کھاد اور زرعی ادویات کی مصنوعی قلت اور سرکاری ریٹ سے زائد قیمت وصول کرنے والے ڈیلرز کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔سید عاشق حسین کرمانی نے نان ڈیجیٹائزڈ موضع جات میں ذراتو بیج کے فیلڈ عملہ کو فزیکل ویریفکیشن کے ذریعے کسان کارڈ کی رجسٹریشن کرنے کے احکامات بھی جاری کیئے۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت اب تک 15 لاکھ کاشتکار خود کو رجسٹرڈ کروا چکے ہیں۔گرین ٹریکٹر پروگرام کے لیے جلد شفاف قرعہ اندازی کا انعقاد کیا جائے گا اور کاشتکاروں کو 9500 سبسڈی پر فراہم کیے جائیں گے۔انہوں نے واضح کیا کہ ہر ضلع کا کوٹہ اس سکیم کے تحت مختص کیا گیا ہے جس پر شفاف طریقے سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کسان پیکج کے تحت کاشتکاروں کو سپر سیڈرز بھی فراہم کیے جا رہے ہیں اور اس ضمن میں 1065 کاشتکاروں کو سپر سیڈرز دیئے جا رہے ہیں

اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ایڈمن اعجاز منیر، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

****